

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور کا کانوکیشن یونیورسٹی کے بخاری آڈیٹوریم میں منعقد کیا گیا جس میں گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی جبکہ اس موقع پر برطانوی رکن پارلیمینٹ محترم افضل خان کو برطانیہ اور پاکستان کے مابین سیاسی، سفارتی، معاشی اور ثقافتی تعلقات کو فروغ دینے کی خدمات کے اعتراف میں پی ایچ ڈی کی اعزازی ڈگری سے نوازا گیا۔ گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور نے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر اصغر زیدی کے ہمراہ طلباء وطالبات میں ڈگریاں اور میڈلز تقسیم کیئے۔ وائس چانسلر کے مطابق، دوروزہ کانوکیشن میں کُل 2044 طلباء کو میڈلز اور ڈگریاں عطا کی جائیں گی، جن میں 644 ایم فل، 344 ایم اے ایم ایس سی اور 988 بی اے بی ایس سی شامل ہیں۔ پہلے سیشن میں وائس چانسلر اور گورنر پنجاب نے 68 طلباء وطالبات کو پی ایچ ڈی کی ڈگری سے نوازا، جبکہ ہم نصابی سرگرمیوں میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلباء وطالبات کو میڈلز سے نوازا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور کا کہنا تھا کہ میرے لیے فخر کی بات ہے کہ مانچسٹر کے پہلے مسلمان لارڈ میئر افضل خان کو اعزازی ڈاکٹریٹ کی ڈگری سے نوازا، گورنر پنجاب نے یونیورسٹی کے مستحق طلبا کو وظائف فراہم

وزیر ہائر ایجوکیشن پنجاب راجہ یاسر ہمایوں جی سی یونیورسٹی کے 18 ویں کانوکیشن میں طلباء میں اسناد تقسیم کر رہے ہیں

کرنے کے لئے چانسلر فنڈ قائم کرنے کا بھی اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت نے میرٹ پر تمام وائس چانسلرز کی تقرریاں کی لہٰذا ان وائس چانسلرز سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ بھی میرٹ پر عمل کریں۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر اصغر زیدی نے چانسلر کو جی سی یو کے معیار تعلیم کی بہتری کے لئے اٹھائے گئے اقدامات کے بارے میں بھی آگاہ کیا۔ وائس چانسلر نے ڈگریاں حاصل کرنے والے طلباء اور ان کے والدین کو مبارکباد دی۔ تقریب سے رجسٹرار ڈاکٹر شوکت علی نے بھی خطاب کیا۔ تقریری مقابلوں میں مجموعی طور پر اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر شہر بانو کو بہترین فی میل گریجوایٹ قرار دیتے ہوئے ''ڈاکٹر سعدیہ کرامت میڈل'' سے نوازا گیا۔ جبکہ محمد عبداللہ حامد نے بہترین انٹرمیڈیٹ طالبعلم کا اعزاز اور ''داؤد الیاس میڈل'' اپنے نام کیا۔ رابعہ جاوید نے ''پروفیسر جی ڈی سوندھی میڈل'' حاصل کیا۔ ڈرامیٹکس میں اعلیٰ کارکردگی پر محمد آفاق عمران اور حافظ محمد نجم الثاقب کو ''ڈی تھیسپین میڈل'' اور سیماب شفیق کو ''مدیحہ گوہر ایوارڈ'' سے نوازا گیا، جبکہ بہترین انگریزی مقرر کا اعزاز اور ''ولید اقبال میڈل'' حارث علی ورک نے حاصل کیا۔ محمد عبداللہ محسن نے بہترین مقرر اور ''محمد ادریس میڈل'' اپنے نام کیا۔

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی کے اٹھارویں کانوکیشن میں چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ مامون رشید شیخ نے خصوصی شرکت کی، جبکہ اس موقع پر جسٹس شاہد وحید، جسٹس شاہد بلال حسن، جسٹس فیصل زمان خان، جسٹس مسعود عابد

گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور جی سی یونیورسٹی کے 18 ویں کانوکیشن میں طلباء میں اسناد تقسیم کر رہے ہیں

وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی، ڈاکٹر اصغر زیدی اور چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مامون رشید شیخ کانووکیشن سے خطاب کررہے ہیں

نقوی، جسٹس مزمل اختر شبیر، جسٹس انوار الحق پنوں، جسٹس شکیل الرحمان اور رجسٹرار لاہور ہائیکورٹ اشتر عباس بھی موجود تھے۔ جی سی یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر اصغر زیدی نے چیف جسٹس اور ججز کا استقبال کیا۔ کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ مامون رشید شیخ کا کہنا تھا کہ میرے لئے باعثِ فخر ہے کہ میں بطور راوین اس ادارے کے کانووکیشن میں موجود ہوں. انہوں نے کہا کہ ان کے محترم والد، بھائی اور فیملی کے بہت سارے افراد راوینز ہیں۔ گورنمنٹ کالج جیسے تاریخی ادارے کا طالب علم ہونا میرے لئے باعثِ اعزاز رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ آج بھی اپنے تمام قابل احترام اساتذہ کو یاد کرتے ہیں اور اپنے اساتذہ کی شفقت اور محبت کی بدولت آج اس مقام پر موجود ہیں۔ فاضل چیف جسٹس نے بتایا کہ لاہور ہائی کے 43 ججز میں سے 14 ججز راوین ہیں جو کہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی کی اہمیت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ فاضل چیف جسٹس نے اپنے زمانہء طالبعلمی کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ بخاری آڈیٹوریم میں موجودگی سے ان کی اس ادارے کے ساتھ منسلک اچھی بری یادیں تازہ ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آڈیٹوریم میں بیٹھے طلبہ میں وہ خود کو بیٹھا دیکھ رہے ہیں۔ فاضل چیف جسٹس نے بتایا کہ گورنمنٹ کالج میں انکا تعلیمی دور بہت خوبصورت تھا، انکے بہت سارے کلاس فیلوز مختلف اداروں میں بڑے عہدوں پر فائز ہیں۔ قبل ازیں گورنمنٹ کالج یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر اصغر زیدی نے اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی جیسے تاریخی تعلیمی ادارے کا وائس چانسلر ہونا انکے لئے باعث اعزاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے درمیان چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ مامون رشید شیخ موجود ہیں جو کہ اسی ادارے سے فارغ التحصیل ہیں۔ وائس چانسلر کا کہنا تھا کہ جی سی یونیورسٹی نے تعلیم نسواں کو مزید بنانے کیلئے متعدد اقدامات اٹھائے ہیں۔ لڑکیوں کو اس ادارے میں تعلیم کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرنے کیلئے انٹرمیڈیٹ کلاسز میں بھی داخلے کیے جائیں گے۔ 156 سالہ پرانے اس تعلیمی ادارے کا مقصد بہترین تعلیم کی فراہمی ہے، اس ادارے نے ہمیشہ اپنی تاریخی حیثیت کو برقرار رکھا ہے، آئندہ بھی یہ ادارہ اپنی بہترین صلاحیتوں اور تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے اس ملک وقوم کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔

وائس چانسلر کے مطابق، دو روزہ کانووکیشن میں کُل 2044 طلباء کو میڈلز اور ڈگریاں عطا کی جائیں گی، جن میں 644 ایم فل، 344 ایم اے ایم ایس سی اور 988 بی اے بی ایس سی شامل ہیں۔ پہلے سیشن میں وائس چانسلر اور گورنر پنجاب نے 68 طلباء وطالبات کو پی ایچ ڈی کی ڈگری سے نوازا

پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کرنے والوں میں اسداللہ، محمد عثمان احمد، ناظم حسین، ساجدہ بیگم، عائشہ امتیاز، شائستہ علی، محمد شاہد رمضان، وقار عظیم، عبدالشکور، تنزیلہ گلاب شہزادی، ماجد نظیر، نعیم اختر ورک، عبدالرحمان صادق بٹ، عائشہ مجید، شازیہ ثاقب، جمشید الرحمان، محمد اعجاز حسین، عزیر احسن، اعجاز محمود احمد قریشی، بشارت الٰہی تمیل، سعدیہ سنبل، ہمہ پرویز، محمد قاسم بٹ، کوثر پروین، سید حامد فاروق بخاری، مرزا بہاشت بیگ، عروشہ مشتاق، سارہ شفیق، طارق محمود، عائشہ جاوید، ناصر جاوید، زونیرہ کوثر، فرحہ اشرف، نیہاد علی شاہ، شمس بلال، محمد احسن خان، نازیہ لطیف، رضوانہ خالق، سید عنصر اظہر، نسیم الرحمن، سنبل سحر، ہاشم فاروق، سید محمد جنید زیدی، رابعہ احسن، محمد نفیس، طاہرہ شجاع، وارث علی، محمد جاوید اقبال، سعدیہ شریف، محمد احسن شفیق، ثوبیہ شریف، تجمل حسین کھوکھر، صباء خالد، فوزیہ شاہین، فائزہ انجم، عاصمہ رفیق، محمد فیصل وسیم، باسط علی، بشریٰ ناز، مریم اکرم، شازیہ حبیب، انیلہ صدف قریشی، شہناز اختر، رابعہ رضوی، انیل سیموئیل، بشریٰ مظہر، صفیہ رحمان اور سعدیہ تبسم شامل ہیں۔

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مامون رشید شیخ جی سی یونیورسٹی کے 18 ویں کانووکیشن میں طلباء میں اسناد تقسیم کررہے ہیں